# Hasnayn Karimayn ki Shan

## Sunnaton Bhara Bayan

## (For Islamic Sister)

## Muharram - 1439

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# Hasnayn Karimayn ki Shan

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا حَبِیْبَ اللہ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللہ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَ اللہ

## Durood Shareef ki fazeelat

Rasoolullah صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ka farman e a'alishan hay: jo mujh par aik martabah Durood pak perhay ga Allah عَزَّوَجَلَّ us par 10 martabah rahmatayn nazil farmaye ga aur jo mujh par 10 martabah Durood pak bhejay ga Allah عَزَّوَجَلَّ us par 100 rahmatayn nazil farmaye ga aur jo mujh par 100 martabah Durood pak bhejay ga Allah عَزَّوَجَلَّ us ki dono ankhun kay darmiyan likh day ga kay yeh bandah Nifaq aur dozakh ki aag say bari hay aur qiyamat kay din usay Shuhada kay sath rakhay ga. *(Majma uz Zawaid,jild10, hadees 17298)*

ذِکرِ دُرُود ہر گھڑی وِردِ زَباں رہے میری فُضُول گوئی کی عادت نکال دو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Meethi meethi Islami behno! Husool-e-Sawab ki khaatir bayan sunnay say pahlay achchi achchi niyyatayn karlay. Farman e Mustafa صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: Musalman ki niyyat is kay amal say behtar hay.

## Do Madani phool

- Baghayer achchi niyyat kay kisi bhi amal khayr ka sawab nahi milta.
- Jitni achchi niyyatayn Ziyada, utna sawab bhi Ziyada.

## Bayan sunnay ki niyyaten

◈ Nigahayn neechi kiye khoob kan laga kar bayan suno gi. ◈ Tayk laga kar bathnay kay bajay 'ilm-e-deen ki ta'zeem ki khaatir jahan tak ho saka do zaanon baithon gi. ◈ Dhakka waghayrah laga to sabr karoon gi. ◈ Jhiraknay aur ulajhnay say bachon gi. ◈ Zaroratan simat kar dosri islami bahnon kay liye jaga kushada karoon gi. ◈ اُذْکُرُوا اللّٰہَ، تُوبُوْا اِلَی اللّٰہِ صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ، Waghayrah sun kar sawab Kamanay or sada laganay walay ki dil joy kay liye past awaaz say jawab don gi. ◈ Ijtima' kay bad khud aagay barh kar salaam o musafahah or Infiradi koshish karoon gi. ◈ Doran e bayan mobile kay ghayr zarori isti'mal say bachon gi, ◈ Na bayan record karo gi aur na hi kisi aur qism ki aawaz (kay iski ijazat nahi) ◈ Jo kuch sunogi usay sun kay samajh kay uspar 'amal kernay kay ba'd Mein dusron tak pohancha kay nayki ki da'wat 'aam kernay ki Sa'adat hasil karogi

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Meethi meethi Islami behno! Hazrat Sayyiduna Imam Hasan aur Hazrat Sayyiduna Imam Husain رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا Yaqinan karam-o-shafqat kay bagh kay mahaktay phool hayn, yeh dono Sarkar e Kaynat صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم kay Nawasay hayn, Aaqa Kareem صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ko in say kamal mahabbat thi, Aayie un ki mahabbat ko parwan charhanay aur apnay pallay mayn naykiyan likhwanay ki niyyat say un ka zikr e khayr sunti hayn:

## Naam-o-Kuniyyat-o-Alqaab

In dono shahzado mayn say barray Hazrat Sayyiduna Imam Hasan رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ hayn. Aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki kunyat Abu Muhammad hay. Laqab Taqi o Sayyid jab kay 'urf Sibt-e- Rasoolullah aur Sibt e Akbar hay. Aap ko "رَیْحَانَۃُ الرَّسُوْل" (Ya'ni Rasool-e-Khuda kay phool) aur "آخِرُ الْخُلَفَاءِ بِالنَّصِّ" (ya'ni Hadees e Pak kay mutabiq aakhiri Khalifah) bhi kehtay hayn. Aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki wiladat e mubarakah 15 Ramazan ul Mubarak 3 Hijri ki shab mayn Madinah Tayyibah mayn huyi. Huzoor Sayyid-e-A'alam صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay saatvayn (7) roz aap ka Aqeeqah kiya aur baal juda kiye gaye aur hukm diya kay baalon kay wazan ki chandi sadaqah ki jaye. *(Tareekh-ul-Khulafa, p.149)*

Aap ka naam Imam-ul-Ambiya Sayyid-ul-Askhiya صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay hi Hasan rakha. *(Sawanih Karbala, p.92)*

Aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ kay chhotay bhai Imam A'ali Maqaam Hazrat Sayyiduna Imam Husain رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki wiladat 5 Sha'ban ul Mu'azzam 4 Hijri ko Madinah Munawwarah huyi. Un ka naam bhi Huzoor صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay Husain aur Shabbir rakha jab kay Aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki kunyat Abu Abdullah aur aap ka laqab bhi Sibt-e-Rasoolullah (Ya'ni Rasool-e-Khuda kay Nawasay) aur "رَیْحَانَۃُ الرَّسُوْل" (ya'ni Rasool-e-Khuda kay phool) aur aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ bhi Jannati jawanon kay Sardar hayn. *(Asad ul Ghaba, p.1173)*

Umm-ul-Mu`mineen Hazrat Sayyidatuna Ayesha Siddiqah رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا farmati hayn kay Nabi e Kareem صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay Hazrat Sayyiduna Imam Hasan aur Imam Husayn رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ki paydaish kay saatvayn (7) din, in ki taraf say do do bakriyan Aqeeqah mayn zabh farmayen. *(Musannaf Abdur Razzaq, jild. 4, pp. 254, Hadees 7993)*

Meethi meethi Islami behno! Aqeeqah karna ayk sunnat-e-amal hay.

*(Fatawa Razawiyya, jild 20, page 582)*

Sahib-e-Bahar-e-Shari'at Mufti Amjad Ali A'zami رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ fermatay hayn Aqeeqay kay liye saatwan (7) din behtar hay aur agar saatwayn din na ker sakay to jab chhahay ker saktay hayn, sunnat ada ho jay gi. Ba'z nay yeh kaha kay saatwayn (7) ya chodhway (14) ya ikeeswayn (21) din ya'ni 7 din ka lihaz rakha jaye yeh behtar hay aur yaad na rahay to yeh karay kay jis din bacha payda huwa us din ko yaad rakhay, us say aik din pehlay wala din jab aaye to woh saatwan ho ga Masalan Jumu'ah ko payda huwa to Jumu'rat saatwan din hay aur haftaay ko payda huwa to saatwan din Jumu'ah ho ga pehli soorat mayn jis jumu'rat ko aur doosri soorat mayn jis Jumu'ah ko Aqeeqah karay ga us mayn saatwayn din ka hisab zaroor aaye ga. *(Bahar-e-Shari'at , jild 3, pp. 352)*

Aqeeqay kay baray mayn tafseeli ma'loomat haasil kernay kay liye Ameer-e-Ahl-e-Sunnat دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ kay risalay 'Aqeeqay kay baray mayn Suwal Jawab' ka mutala'a fermaye.

Meethi meethi Islami behno! Yahan yeh baat qabil-e-ghaur hay kay umoman jab bhi bacha payda hota hay Aqeeqah us kay walidayn hi kertay hayn laykin qurban jaye! Kay jab Hazrat Sayyiduna Imam Hasan رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki wiladat huyi tab bhi aur jab Hazrat Sayyiduna Imam Husayn رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

www.dawateislami.net

tashreef laye tab bhi Aqeeqah un kay walidayn nay nahin kiya balky un kay Nana jaan صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay farmaya, is say andazh lagaya ja sakta hay kay Huzoor صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم apnay nawason say kaysi mahabbat fermatay thay? Aaiye! Nana-e-Hasanayn صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ki Hasanayn-e-Karimayn say piyar aur mahabbat fermanay per mushtamil chand Iman afroz Jhalkiyan Mulahiza kertay hayn chuna-chay,

## Mahabbat ka nirala andaz

Hazrat Usama Bin Zayd رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ farmatay hayn kay Mayn ayk raat kisi kaam say Nabi-e-Akram صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ki khidmat mayn gaya to Nabi-e-Pak صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم is tarah tashreef laye kay Aap صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم kisi cheez ko gaud mayn liye huway thay, mujhay khabar na thi kay woh kiya hay jab Mayn apni zarurat say farigh huwa Mayn nay puchha yeh kiya hay? Jo Aap صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم gaud mayn liye huway hayn Huzoor صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay isay khoola to Hasan-o-Husayn رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا Aap صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ki aagosh mayn thay phir Aap صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay Irshad fermaya yeh dono mayray baytay mayray Bayti kay baytay hayn. Ilahi! Mayn in dono say mahabbat kerta hon Tu bhi in say mahabbat ker aur jo in say mahabbat karay us say bhi mahabbat kar. *(Tirmizi, Jild 5, pp. 427, Hadees 3794)*

## Hasnayn-e-Karimayan ki Hosla Afza'ie

Hazrat Sayyidatuna Ayesha Siddiqah رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا say riwayat hay kay ayk martaba Hasnayn-e-Karimayn رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا Huzoor صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم kay samnay Kushti lar rahay thay. Nabi-e-Kareem صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم Imam Hasan رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ say farma rahay thay: Hasan! Husayn ko pakar lo. Hazrat Sayyidatuna Ayesha Siddiqah رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا farmati hayn Mayn nay 'arz ki Ya Rasoolallah صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم Aap Hasan ki hosla afza'ie ferma rahay hayn halankay yeh baray hayn? Sarkar صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay fermaya: Doosri taraf Jibraeel عَلَيْهِ السَّلَام hayn jo Husayn ko aysay hi keh ker hosla afza'ie ferma rahay hayn. *(Seyar Aalamin Nubalaa, jild 4, pp. 392)*

اُن دو کا صدقہ جن کو کہا میرے پھول ہیں　　کیجے رضا کو حشر میں خنداں مثالِ گل

## Khutbah chhor diya

Hazrat Sayyiduna Abu Buraydah رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ fermatay hayn kay ayk dafa' Rasoolullah صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم hamayn Khutbah Irshad farma rahay thay isi dawran Hazrat Sayyiduna Imam Hasan aur Sayyiduna Imam Husayn رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا tashreef laye unhon nay surkh rang ki Qamees pehni huyi thi kam umri ki wajah say girtay partay chalay aa rahay thay, Nabi-e-Kareem صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay jab unhayn daykha to Mimber say neechay tashreef lay aaye, dono shahzadon ko uthaya aur apnay samnay bitha liya phir fermaya Allah Ta'ala ka Irshad such hay.

اِنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ

**Tarjuma-e-Kanz-ul-Iman:** *Tumharay maal aur tumharay bachay jaanch (Aazmayesh) hi hayn.*

Mayn nay in bachon ko daykha kay girtay partay aa rahay hayn to mujh say sabr na ho saka hatta kay Mayn nay apni baat kaat ker unhayn utha liya. *(Tirmizi, Jild 5, pp. 429, Hadees 3799)*

Mashhoor Mufassir-e-Quran Mufti Ahmad Yar Khan رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْه bayan kardah Hadees pak ki sharah mayn fermatay hayn: Is mauq'a per Huzoor صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay (donon shahzadon ko) hazireen mayn say kisi say na mangaya na kisi aur ki gaud mayn bithaya balky khud Mimber say utar kar Khutbah chhor ker bacho kay pas gaye , unhayn utha ker laaye apnay barabar bithaya, yeh hay Huzoor صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ki intihaye mahabbat in dono say. Is aayat e karimah mayn 'فِتْنَةٌ' kay ma'na aafat ya museebat nahin balky mehnat ya aazmayesh hay, Allah Ta'ala in kay zariy'ah Mu'min ko sawab dayta hay. *(Miraat-ul-Manajeeh, jild. 8, pp. 478)*

## Tarbiyyat-e-Awlad ki ahamiyyat!

Meethi meethi Islami behno! Waqi'e awlad ki tarbiyyat aik aazmaish say kam nahin hay, agar insan sahih ma'no mayn shari'at kay ayn mutabiq apni awlad ki tarbiyyat ker jaye to awlad us kay liye Sawab-e-Jariyah ka sabab hay, agar awlad sahih tarbiyyat na honay kay sabab khuda na khuwastah gunahun ki raah par chal paray to aysi awlaad walidayn kay liye do jahan mayn ruswaye ka sabab ban jati hay, wohi aakhirat mayn bhi walidayn ki pakar ka sabab ban sakti hay. Hazrat Sayyiduna Abdullah Bin Umar رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا nay ayk shakhs say farmaya apnay bachay ki achhi tarbiyyat karo kiyun kay tum say tumhari awlad kay baray mayn puchha jaey ga kay tum nay is ki kaysi tarbiyyat ki hay aur tum nay isay kiya sikhaya. *(Shu'ab-ul-Iman, jild 2, pp. 400)*

Awlad ki sahih tarbiyyat kernay ka bahtareen waqt bachpan hota hay jis tarah moom ko kisi bhi saanchay mayn dhala jaey to woh aasani say dhal jata hay isi tarah bachon ko un ki ibtida'ie umar mayn jis bhi rang mayn ranga jaey to woh rangtay chalay jatay hayn, kiyun kay bachpan mayn un ki yadasht ayk khaali takhti kay manind hoti hay is per jo likha jaey ga saari umar kay liye mahfooz ho jaye ga, daykha jata hay kay bachpan ki aadaat aakhir umar tak sath rehti hayn is liye agar bachon ko bachpan hi say salaam kernay mayn pehl ka aadi banaya jaey to woh umar bhar is aadat ko nahin chhorayn gay, agar unhayn bachpan hi say Namaz ki pabandi kernay, Quran-e-Kareem ki tilawat kernay, filmon, daramon aur gunahun bharay mukhtalif channels say bachnay maan baap aur baron ka adab-o-ihtiram kernay, sach bolnay ka aadi banaya jaey ga to woh saari umar jhoot say bayzar rahayn gay, isi tarah agar unhayn sunnat kay mutabiq khanay peenay, baythnay, joota pehnnay, libaas pehnnay waghayrah ka aadi bachpan mayn hi bana diya jaye to woh na sirf khud in pakizah aadaat ko apnaye rakhayn gay balkay is kay yeh achhay awsaaf us kay sath rehnay walay degar bachon mayn bhi muntaqil hona shuru ho jayen gay.

Yaad Rakhiye! Agar hamari tarbiyyat bachay ya bachi ko Allah عَزَّوَجَلَّ ki bandagi Huzoor صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ki ghulami aur Islami mua'ashray mayn is ki zimmahdari na sikha saki to usay apna farman bardar bannay ka khuwab daykhna bhi chhor dijiye kiyun kay Islam hi hay jo ayk Musalman ko apnay walidayn ka farman bardar bannay ki ta'leem dayta hay. Is liye awlad ki zahiri zayb-o-zeenat, achhi ghiza, achhay libaas aur degar zaruriyat ki kafalat kay sath sath un ki akhlaqi-o-ruhani tarbiyyat kay liye bhi kamar Bastah ho jaye.

### Jami'a-tul-Madinah, Madrasa-tul-Madinah aur Dar-ul-Madinah ka Mukhtasar Ta'aruf

اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ! Tableegh-e-Quran-o-Sunnat ki aalamgeer ghayr siyasi tahreek Dawat-e-Islami jahan baron ki Islah ki koshish mayn hay wahin madani munno aur madani munniyon ko bhi deeni ta'leem-o-tarbiyyat kay zari'a mua'ashray ka aik aham fard bananay kay liye bhi masroof-e-amal

hay. Dawat-e-Islami kay tahat qaym honay walay kaye shu'bah jaat jaysay Madrasa-tul-Madinah, Jami'a-tul-Madinah aur Dar-ul-Madinah is ka munh bolta suboot hay. Khas taur par Dar-ul-Madinah ayk aysa ta'leemi shu'ba hay jo deeni-o-dunyavi ta'leem ka haseen imtizaj hay. Jis mayn perhnay walay Madani Munnay aur Madani Munniyan baray ho ker ba-waqar musalman ban sakti hayn. Dar-ul-Madinah kay Qiyam ka bunyadi maqsad Ummat-e-Mustafa ki new generation ko sunnaton kay saanchay mayn dhaaltay huway deeni-o-dunyavi ta'leem say aarastah kerna hay. Agar hum bhi chahtay hayn kay hamaray Madani Munnay aur Madani Munniyan sabhi Namaz rozay kay paband banayn, Sunnatun kay aayena dar banayn, Maan Baap kay farman bardar banayn, Husn e Akhlaq ki paykar banayn, ilm e deen haasil ker kay nayki ki dawat ki dhoomayn machanay wali banayn to hamayn bhi chahiye kay hum unhayn aysa pakizah Madani mahool faraham karayn jahan aysi tarbiyyat kernay ka intizam ho. اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ Dawat-e-Islami kay Jamiaat ul Madinah, Madaris ul Madinah mayn khususiyyat kay sath Madani tarbiyyat par bhi tawajjoh di jati hay yahan perhnay walay talaba-o-talibaat, Madani Munnon aur Madani Munniyon ko naykiyon bhari zindagi guzaranay kay ley Ameer-e-Ahl-e-Sunnat دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ kay ata karda Madani Inaamat per amal ki targheeb dilaai jati hay . lehaza aap bhi apnay Madani Munnon aur Madani Muniyon ko Jamia tul Madinah, Madrasa tul Madinah aur dar ul Madinah dakhil kerwa ker apnay liye sawab e Jariyah ka saman kijiye.

Meethi meethi Islami behno! Nana aur nawasay ka rishtah Yaqinan bahut mahabbat o ulfat wala hota hay, laykin agar Nana tamam Nabiyyun ka Sardar صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ho jabkay nawasay Jannati naujwanon kay Sardar hoon to zara sochiye kay un ki aapas ki mahabbat aur is muqaddas rishtay ki shan o azamat kis qadar buland o bala ho gi. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ Hasnayn Karimayn woh a'zeem hastiyan hayn kay jin kay Fazaail o Manaqib Aap صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay apni zaban e Haq tarjuman say bayan farmaye hayn. Aaiye 5 Ahadees Mubarakah suntay hayn.

1 Ameer ul Mu'mineen Hazrat Sayyiduna Umar Farooq A'zam رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ say riwayaat hay kay Mayn nay Hazrat e Sayyiduna Imam Hasan aur Sayyiduna imam Husain رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ko Sarkar صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم kay kandho par suwar daykha to kaha: Aap dono ki Suwari kaysi shandar hay? To Nabi صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay irsha farmaya: aur suwar bhi to kaysay la jawab hayn. *(Tirmizi, Jild 5,page 432, Hadees 3809 )*

2 Aik aur Hadees pak mayn Irshad fermaya **مَنْ اَحَبَّھُمَا فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَھُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ** ya'ni jis nay in dono say mahabbat ki, us nay mujh say mahabbat ki aur jis nay in say Adawat ki us nay mujh say adawat (Dushmani) ki. *(Ibn Majah jild 1, page 96, Hadees 143)*

3 Hasan aur Husayn رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا Jannati jawanon kay Sardar hayn. *(Tirmizi, Jild 5,page 426, Hadees 3793 )*

4 Huzoor صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم in dono no nihalon ko soonghtay aur Seenah e Mubarak say liptatay. *(Tirmizi, Jild 5,page 428, Hadees 3797 )*

5 **ھُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا** ya'ni Hasan o Husayn رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا dunya mayn Meray do phool hayn. *(Tirmizi, Jild 5,page 427, Hadees 3795 )*

Meethi meethi Islami behno! Suna aap nay kay piyaray Aaqa صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ki Hasanayn e Karimayn رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا say kaysi kamal mahabbat o ulfat thi, bayan kardah Ahadees e Karimah mayn in naadano kay liye Naseehat kay Madani phool maujood hayn kay jo apni awlad say is

waja say piyar o mahabbat say paysh nahin aatay kay kahin un ka ru'b o dabdabah khatam naa ho jaye un kay liye Aaqa صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ka yeh amal dars e naseehat hay kay Huzoor صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم Sayyid e Kaynaat honay kay ba wajood bhi apnay nawason ko kandhon par suwar fermatay thay Aap صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay Hasanayn e Karimayn رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ki mahabbat ko apni mahabbat qarar diya aur Hasanayn e Karimayn ki dushmani ko khud say dushmani qarar diya, apni awlad ko chhomna khud say chimtana kandho par suwar kerna aur unhayn seenay lagana yeh to hota hi hay laykin Aaqa صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم Hasanayn e Karimayn رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ko soongha kertay aur fermatay Hasan o Husain رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا dunya mayn Jannat kay phool hayn. *(Miraatul Mnajeeh jild 8, page 462)*

اُن دو کا صدقہ جن کو کہا میرے پھول ہیں　　　کیجیے رضاؔ کو حشر میں خنداں مثالِ گل

**Sharh-e-Kalam-e-Raza:** Aye meray Piyaray Aaqa! apnay jin do shahzado ko Aap صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم nay apna phool farmaya ya'ni Hazrat Imam e Hasan aur Hazrat imam Husain رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا un kay sadaqay mayn Raza ko Maydan e Mahshar mayn har qism ki mushkilaat o parayshaniyon say bacha ker muskuratay (Ya'ni khiltay) huway phool ki tarah ker dijiye

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب　　　صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

## Khushk darakht par tazah khajorayn

Aarif Billah Hazrat Sayyiduna Noor ud Deen Abdur Rahman Jami رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰى عَلَيْه farmatay hayn: Imam A'ali Maqaam Hazrat Sayyiduna Imam Hasan Mujtaba رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ safar kay dawran khajooron kay bagh say guzray jis kay tamam darakht khushk ho chukay thay, Hazrat Sayyiduna Abdullah ibn e Zubayr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ bhi is safar mayn sath thay. Hazrat imam Hasan رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ nay is bagh mayn parao dala (ya'ni Qiyam kiya) khuddam nay aik sookhay darakht kay neechay aaram kay liye bichhona bichha diya. Hazrat Sayyiduna Abdullah ibn e Zubayr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ nay a'rz ki: Aye Nawasa e Rasool! Kash! Is sookhay darakht par tazah khajorayn hoti kay hum sair ho ker khatay yeh sun ker Hazrat Sayyiduna Imam Hasan رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ na aahistah aawaz mayn koi du'a parhi jis ki barakat say chand lamhon mayn woh sookha darakht sar sabz o shadab ho gaya aur us mayn tazah khajorayn aa gaye. Yeh manzr daykh ker aik shutur ban (ya'ni ount hanknay wala) kehne laga: yeh sab jado ka karishmah hay. Hazrat Sayyiduna Abdullah Bin Zubayr رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ nay usay danta aur farmaya tauba ker yeh jado nahin balkay Shahzadah e Rasool ki dua' e maqbool hay. Phhir logon nay darakht say khajorayn torin aur Qafilay walay nay khoob khayen. *(Shawahid un Nubuwwah, page 227)*

راکبِ دوشِ شہنشاہِ اُمم　　　یا حسن ابنِ علی! کر دو کرم!
فاطمہ کے لال حیدر کے پسر!　　　اپنی اُلفت دو مجھے دو اپنا غم
اے شہیدِ کربلا کے بھائی جان!　　　دور ہوں عطار کے رنج و الم

Meethi meethi Islami behno suna aap nay kay Rakib e Dawsh e Mustafa, Maqbool e Baargaah e Khuda Hazrat Sayyiduna Imam Hasan رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ kis qadar mustajab ud da'awaat aur sahib e karamat buzurg thay kay aap رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki du'a ki barakat say aik sookhay darakht par aan ki aan mayn tazah aur pakki huyi khajorayn ugg aayen aur tamam Qafilay walon nay sair ho ker khayen,

yaqeenan yeh aap رضی اللہ تعالی عنہ ki jeeti jagti karamat thi اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ Aap رضی اللہ تعالی عنہ ki zaat say karamaat ka zuhoor hota raha aur aap رضی اللہ تعالی عنہ nay apni jaan jaan e aafreen kay sipurd ki, chunanchay

## Imam Hasan Mujtaba ka khuwab

Hazrat Sayyiduna Imran bin Abdullah رحمۃ اللہ تعالی علیہ say riwayaat hay kay Imam Hasan رضی اللہ تعالی عنہ nay khuwab daykha kay aap رضی اللہ تعالی عنہ ki ankhun kay darmiyan قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ likha hay. Aap رضی اللہ تعالی عنہ nay yeh khushkhabri apnay ahl e bayt ko sunaye. Unhon nay jab yeh waaqi'ah tabi'ee buzurg Hazrat Sayyiduna Sa'eed bin Musayyab رحمۃ اللہ تعالی علیہ kay samnay bayan kiya to Aap رحمۃ اللہ تعالی علیہ nay farmaya agar waqi'e ye khuwab daykha hay to in ki umar kay chand hi din baqi reh gaye hayn. Is waqi'ah kay kuch din ba'd Imam Hasan Mujtaba رضی اللہ تعالی عنہ ka Wisaal ho gaya. *(Tabaqaat e kubra jild 6, page 382)*

## Aap رضی اللہ تعالی عنہ ka wisal

Imam e A'ali Maqaam Hazrat Sayyiduna Imam Abu Muhammad Hasan رضی اللہ تعالی عنہ nay 5 Rabi ul Awwal 50 Hijri ko Madina tul Munawwarah mayn is daar e na paydar say rehlat fermaye (ya'ni wafat paye) (اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ) *(Safat-ul-Safawah, vol. 1, pp. 386)* yeh bhi kaha gaya hay kay 49 Hijri mayn wafat huyi ba-waqt e shahadat Aap رضی اللہ تعالی عنہ ki umar Shareef 47 saal thi. *(Taqrreb-ul-Hazeeb, 240)*

Meethi meethi Islami behno! Hazrat Sayyiduna imam Hasan رضی اللہ تعالی عنہ ki pakeezah seerat kay muta'alliq mazed ma'lomaat haasil kernay kay liye Maktaba tul Madinah say shay'ah kardah Risalah "Imam e Hasan ki 30 Hikayaat" ka mutal'ah fermaye. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ is rislay mayn Imam e A'ali Maqaam Imam e Hasan Mujtaba رضی اللہ تعالی عنہ ki mubarak zindagi kay Mukhtalif pehlo`on ko nihayat dil nasheen andaz mayn ujagar kiya gaya hay lihaza aaj hi is risalay ko Maktab tul Madinah kay bastay say hadiyyatan talab ferma ker khud bhi is ka muta'lah kijiye aur doosri Islami behno ko bhi is ki targheeb dilaye. Dawat e Islami ki website www.dawateislami.net say is Kitab ko perha bhi ja sakta hay. Download aur printout bhi kiya ja sakta hay.

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Meethi meethi Islami behno! Huzoor صَلَّی اللہ تعالی علیہ واٰلہٖ وسلم ko jis tarah barray nawasay ya'ni Imam hasan رضی اللہ تعالی عنہ say qalbi lagao tha isi tarah Aap صَلَّی اللہ تعالی علیہ واٰلہٖ وسلم apnay chhotay nawasay Imam Husain رضی اللہ تعالی عنہ say bhi intihaye walihanah aqeedat o mahabbat fermatay thay. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ Allah kay fazl o karam say Imam A'ali Maqaam Hazrat Sayyiduna Imam Husain رضی اللہ تعالی عنہ say bhi waqtan fa waqtan Mukhtalif Iman afroz karamaat ka zuhoor hota raha. Aaiye hum bhi shaheed e Karbala, Mazloom e Karbal Hazrat Sayyiduna Imam Husain رضی اللہ تعالی عنہ ki aik karamat mulahaza kertay hayn. chunanchay

## Kunwayn say paani ubal para

Hazrat e Sayyiduna Imam A'ali Maqaam Imam Husain رضی اللہ تعالی عنہ jab Madinah Munawwarah say Makkah Mukarramah ki taraf rawanah huway to raastay mayn Hazrat Sayyiduna Ibn e Muti'e رحمۃ اللہ تعالی علیہ say mulaqat huyi unhon nay a'rz ki Meray Kunwayn mayn paani bahut kam hay barah e karam du'a e barakat say nawaz dijiye. Aap رضی اللہ تعالی عنہ nay us Kunwayn ka paani talab fermaya jab paani ka dawl haazir kiya gaya to Aap رضی اللہ تعالی عنہ nay munh laga ker us mayn say paani nosh kiya

aur kulli ki. Phhir dool ko wapas Kunwayn mayn daal diya to Kunwayn ka paani kaafi berh bhi gaya aur pehlay say ziyadah meetha aur lazeez bhi ho gaya. *(Tabaqaat e kubra jild 5, page 110)*

سُبْحٰنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ suna aap nay! Kay Imam e A'ali Maqaam Hazrat Sayyiduna Imam Husain ki shan o azamat kis qadar buland o bala thi kay Aap رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki mubarak kulli ki barakat say Kunwayn ka paani pehlay say kafi berh gaya aur lazeez aur sheeren bhi ho gaya. Aap رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki zaat e ba barakat say waqtan fa waqtan karamaat ka zuhoor hota rehta hatta kay aap رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki wiladat e ba sa'adat bhi ba karamat hay. Chunanchay Sayyidi A'arif Billah Noor ud Deen Abdur Rahman Jami رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ fermatay hayn. Manqool hay kay imam pak (Imam Husain) رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ki muddat e haml 6 maah hay. Hazrat Sayyiduna Yahya عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام aur Imam e A'ali Maqaam Imam e Husain رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ kay ilawah koi aysa bacha zindah na raha jis ki muddat e haml 6 maah huyi ho. *(Shawahid un Nubuwwah, page 228)*

Meethi meethi Islami behno! Bila shubah lalach aik aysi buri bala hay kay jo insan ko seedhay rastay say hata ker tabahi o barbadi kay rastay par la dalti hay aysa hi kuch zalim yazeediyon kay sath bhi huwa kay jin ko dunyavi maal o dawlat aur ohdon kay lalach nay aysa andha kiya kay unhon nay Nawasa e Rasool Hazrat e Sayyiduna Imam e Husain kay Fazaail o Manaqib jannay kay ba wajood bhi aap رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ aur aap رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ kay kaye sathiyon ko maydan e karbala mayn bhook o piyas ki halat mayn intihaye bay dardi kay sath shaheed ker diya. Bil aakhir kuch arsay ba'd khud bhi tarah tarah ki aziyyaton say do char honay kay ba'd woh bhi apnay anjam e kaar ko pahunchay. Aaiye Ibrat kay liye Yazeed paled kay dardnaak anjam ka Mukhtasar waqia'ah suntay hayn chunanchay,

## Yazeed ka anjam

Waaqi'ah karbala kay kuch hi dinon kay ba'd Yazeed aik halakat khayz aur intihaye moozi maraz mayn mubtala huwa, pait kay dard aur aanton kay zakhmon ki tees (ya'ni takleef) say maahi bay aab (ya'ni jis tarah machhli pani kay baghayr tarapti hay) ki tarah tarapta rehta tha, Hims mayn jab usay apni maut ka yaqeen ho gaya to apnay barray larkay Mu'awiyah ko bistar e marg par bulaya aur umoor e saltanat kay baray mayn kuch kehna hi chahta tha kay bay saakhta betay kay munh say cheekh nikli aur nihayat zillat o haqarat kay sath yeh kehte huway baap ki payshkash ko thukra diya kay jis taaj o takht par Aal e Rasool kay khoon kay dhabbay hayn Mayn usay hargiz Qabool nahin ker sakta Khuda is Manhoos saltanat ki Wirasat say mujhay mahroom rakhay jis ki bunyadayn Nawasa e Rasool kay khoon par rakhi gaye hayn. Yazeed apnay betay kay munh say yeh alfaaz sun ker tarap gaya aur shiddat e ranj o alam say bistar par paaon patakhnay laga, maut say kuch din pehlay Yazeed ki aantayn sar gaye aur us mayn keeray par gaye, takleef ki shiddat say Khinzeer ki tarah cheekhta tha, pani ka qatrah halaq say neechay utarnay kay ba'd nishtar ki tarah chubhnay lagta tha. Ajeeb qahr e Ilahi ki maar thi, paani kay baghayr bhi tarapta tha paani paa kar bhi cheekhta tha bil aakhir isi dard ki shiddat say tarap tarap ker us ki jaan nikli, lash mayn aysi holnaak badbo thi kay qareeb jana mushkil tha jaysay taysay us ko sipurd e khaak kiya gaya. *(Tareekh e Karbala, page345)*

Shaykh-e-Tareeqat Ameer-e-Ahl-e-Sunnat Hazrat Allamah Maulana Abu Bilal Muhammad Ilyas Attar Qadiri Razavi Ziyaye دَامَتْ بَرَكَاتُہُمُ الْعَالِیَہ apnay rislay '*Imam Husayn ki Karamaat*' mayn Yazeed Paleed kay anjam kay baray mayn aik waaqia'h naql kertay huway Irshad fermatay hayn, Yazeed Paleed ki maut ka aik sabab yeh bhi bataya jata hay kay woh aik roomi un nasal larki kay ishq

mayn giriftar ho gaya tha magar woh larki andaroni taur par is say nafrat kerti thi, aik din rang ralliyan mananay kay bahanay us nay Yazeed ko door weeranay mayn tanha bulaya, wahan ki thandi hawaaon nay Yazeed ko bad mast ker diya, us do shezah nay yeh kehtay huway kay jo bay ghayrat o na bakar (Nikamma) apnay Nabi kay nawasay ka ghaddar ho woh Mera kab wafa dar ho sakta hay, Khanjar e Aab dar (Tayz dhar) kay pay dar pay war ker kay cheer phhar ker us ko wahin phenk diya. Chand roz tak us ki lash cheel kawwon ki da'wat mayn rahi. Bil aakhir dhondtay huway us kay ahali mawali (Nawkar chakar) wahan pahunchay aur garha khood ker us ki sarri huyi lash ko wahin daab (dafna) aaye. (Imam Husayn ki karamaat page 27) ab zara us ki qabr ka haal bhi sunyay. Chunanchay

## Yazeed ki qabr ka haal

Dimishq kay puranay qabristan Bab us Sagheer kay kuch aagay Yazeed ki qabr ka nishan tha jis par aaj say kaye saal pehlay log eentayn patthar martay thay aur aksar eenton ka dhayr laga hota tha, wahan ab sheshah, kanch aur Loha galaanay ki bhatti lagi huyi hay, us kaarkhanay mayn sheeshay kay bartan banaye jatay hayn, us lohay aur kanch ko galaanay ki aag wali bhatti bilkul theek jis jaga qabr thi wahan bani huyi hay. Goya Yazeed ki qabr par har waqt aag jalti rehti hay. *(Shahadat-e-Nawasa-e-Sayyid-ul-Abraar, 918-919)*

وہ تخت ہے کس قبر میں وہ تاج کہاں ہے　　　اے خاک بتا زورِ یزید آج کہاں ہے

نہ ہی شِمر کا وہ سِتم رہا نہ یزید کی وہ جفا رہی　　　جو رہا تو نام حُسَین کا، جسے زندہ رکھتی ہے کربلا

Meethi meethi Islami behno! Daykha aap nay kay Nabi Akram صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم kay ahl e bayt e Athaar رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن kay sath dushmani rakhnay aur unhayn aziyyat pahunchanay walon ka kaysa bad tareen anjam hota hay kay marnay kay ba'd unhayn kafan bhi naseeb nahin hota, dunya mayn bhi zillat un ka muqaddar ban jati hay aur aakhirat mayn bhi unhayn ruswa'ee ka samna kernaparay ga neez un ka thikanah Jahannam ki aag hay

Nabi e Akram صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ka farman e ibrat nishan hay: jis shakhs nay Meray Ahl e Bayt par zulm kiya aur Mujhay Meri awlad kay baray mayn aziyyat di, us par Jannat haram ker di gaye . *(Barkaat-e-Aal-e-Rasool, pp. 259)* Aik aur Hadees e pak mayn mayn Irshad farmaya kay agar koi shakhs Baytullah shareef kay aik konay aur Maqaam e Ibrahim kay darmiyan kharay ho ker Namaz perhay, rozay rakhay, aur phhir ahl e bayt ki dushmani par mar jaye to woh Jahannam mayn jaye ga. *(Mustadrik, vol. 4, pp. 129-130, Hadees 4766)* Tab'iee buzurg Hazrat Sayyiduna Imam Hasan Basri رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْه fermatay hayn jin logon nay Hazrat Sayyiduna Imam e Husayn رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه ko qatal kiya hay, agar woh Allah Ta'ala kay fazl o karam say bakhshay bhi jayen to woh Rasool Kareem صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ko kiya munh dikhayen gay. Khuda عَزَّوَجَلَّ ki qasam agar Hazrat e Sayyiduna Imam e Husayn رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه kay qatal mayn Mera dakhal hota aur Mujhay Jannat o Dozakh ka ikhtiyar diya jata to Mayn dawzakh ikhtiyar kerta, is khauf kay sabab kay Jannat mayn Rasool e Kareem صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم kay samnay kis munh say jaoon ga. *(Tanbeeh-ul-Mughtareen, pp. 54)*

Meethi meethi Islami behno! Yazeed par chunkay apni hukumat o saltanat bachanay ka jinn suwar tha lihaza is bad bakht nay iqtidar kay nashay mayn bad mast ho ker Gulshan e Fatimah ko is qadar bay dardi kay sath pamal kiya kay sun ker jism kay rongtay kharay ho jatay hayn, dil ranjeedah ho jata aur ankhun say bay saakhta ashk rawan ho jatay hayn. Bahar haal Yazeediyon

kay anjam e bad say yeh bhi pata chala kay Allah walon ki dushmani dunya o aakhirat mayn khasaray ka bai's hay, kyun kay waaqi'ah karbala mayn jitnay ashkhas shaheed huway woh sab kay sab Allah عَزَّوَجَلَّ kay muqarrab tareen Awliya kiraam رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی mayn say thay aur jo bad naseeb Allah عَزَّوَجَلَّ kay Awliya say dushmani rakhta hay usay Allah عَزَّوَجَلَّ ki taraf say e'lan e jang diya ja chuka hay, chunanchay

Huzoor صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم nay fermaya مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ ya'ni jo Meray kisi wali say dushmani karay Mayn us say e'lan e jang kerta hoon. *(Bukhari, vol. 4, pp. 248, Hadees 6502)*

Sadr ul Afaazil Hazrat e Allamah Maulana Mufti Sayyid Na'eemuddin Muradabadi رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه fermatay hayn: unhayn ya'ni Yazeediyon ko nahin ma'loom tha kay khoon e Shuhada rang laye ga aur saltanat kay purzay urr jayen gay, aik aik shakhs jo Qatl e Hazrat Imam Husayn رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ mayn shareek huwa hay, tarah tarah kay a'zabon say halak ho ga, wahi Furat ka kanara ho ga wahi Aashurah (Ya'ni 10 Muharram ul Haram) ka din wahi zaalimon ki qaum ho gi aur Mukhtar kay Ghoray unhayn rondtay hon gay, un ki jama'aton ki kasrat un kay kaam na aaye gi, un kay haath paoon katay jayen gay, ghar lootay jayen gay, sooliyan di jayen gi, laashayn sarrayn gi, dunya mayn har shaks tuff tuff karay ga, is halakat par khushi manaye jay gi, ma'rikah e jang mayn agarchay un ki ta'dad hazaaron ki ho gi magar chhohon aur kutton ki tarah unhayn jan bachana mushkil ho gi, jahan paye jayen gay maar diye jayen gay, dunya m,ay qiyamat tak un par nafrat o malamat ki jaye gi. *(Sawanih Karbala, p.184 - 185)*

اے تِشنگانِ خونِ جوانانِ اہلبیت — دیکھا کہ تم کو ظُلم کی کیسی سزا ملی
کُتّوں کی طرح لاشے تمہارے سڑا کیے — گھورے پہ بھی نہ گور کو تمہاری جا ملی
رُسوائے خلق ہو گئے برباد ہو گئے — مردُودو! تم کو ذِلّتِ ہر دو سرا ملی
تم نے اُجاڑا زہرا کا بوستان — تم خود اُجڑ گئے تمہیں یہ بد دُعا ملی
دُنیا پرستو! دین سے منہ موڑ کر تمہیں — دُنیا ملی نہ عیش و طَرب کی ہوا ملی
آخر دِکھایا رنگ شہیدوں کے خون نے — سر کَٹ گئے اَماں نہ تمہیں اِک ذرا ملی
پائی ہے کیا نعیم اُنہوں نے ابھی سزا — دیکھیں گے وہ جحیم میں جس دن سزا ملی

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب      صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد